GIO

NATIONAL
FEDERATION

## نیشنل فیڈریشن آف جی آئی او

# پالیسی و پروگرام

**جنوری 2025 - دسمبر 2026**



## نیشنل فیڈریشن آف
## گرلس اسلامک آرگنائزیشن

# پالیسی و پروگرام

## جنوری ۲۰۲۵ تا دسمبر ۲۰۲۶

صدر مقام: ڈی۔۳۲۱، ابوالفضل انکلیو، جامعہ نگر، اوکھلا، نئی دہلی، بھارت پن۔۱۱۰۰۲۵
ویب سائٹ: www.gioindia.org | ای میل: federation@gioindia.org

GIO
NATIONAL
FEDERATION

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

عزیز بہنو!

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

اللہ سبحانہ وتعالیٰ کی رحمت اور برکتوں کے ساتھ ہم نیشنل فیڈریشن آف جی آئی او کی دوسری میقات کا آغاز کررہے ہیں۔ سالِ گزشتہ جی آئی او کے سفر کا چالیسواں سال تھا - ایک ایسا سفر جس میں آپ سبھی کا کردار شامل رہا۔ اگر ہم گزشتہ برسوں کے اس سفر پر نظر دوڑائیں تو دیکھیں گے کہ جی آئی او نے شہروں، قصبوں، اور ریاستوں میں اپنی جڑیں مضبوط کی ہیں اور الٰہی ہدایات ( قرآن وسنت ) کے تحت سماج کی تشکیلِ نو کے لئے طالبات اور نوجوان خواتین کو تیار کرنے کے واضح مشن کے ساتھ قومی سطح پر نوجوان خواتین کو ایک پلیٹ فارم مہیا کیا ہے۔

اس سفر کو جاری رکھتے ہوئے اور تنظیم کے مشن کے ساتھ اپنی وابستگی کے عہد کی تجدید کرتے ہوئے ہمیں ان تمام بہنوں کی خدمات کو جو اس تابناک سفر کا حصہ رہی ہیں نیز ہمارے سابقہ قائدین کی خدمات اور قربانیوں کو یاد رکھنا چاہیے۔ میں اللہ سبحانہ وتعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ وہ ان کی کاوشوں کو قبول فرما کر ان کے لئے صدقہ جاریہ بنائے۔ ہم اس میقات کا آغاز دو نئے جی آئی او حلقوں - جی آئی او ہریانہ اور جی آئی او انڈمان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کررہے ہیں جو گزشتہ سال کے آخر میں قائم ہوئے اور اب وہ اس میقات میں فیڈریشن کے ممبر ہیں۔ مزید برآں چھتیس گڑھ اور آسام میں بھی جی آئی او زون کے قیام کے لئے کوشش جاری ہے، ان شاءاللہ۔

عزیز رفیقات! آج دنیا میں جہاں ہم ٹیکنالوجی، سائنس اور دیگر شعبوں میں ترقی کے شاہد ہیں وہیں ملکی اور عالمی سطح پر ظلم، ناانصافی اور تشدد میں اضافہ بھی دیکھ رہے ہیں۔ مادی ترقی دنیا کو صرف ایک بہتر جگہ ہی نہیں بنا رہی بلکہ اخلاقی اقدار میں زوال بھی نمایاں ہے۔ ایسے حالات میں ضروری ہے کہ ہم اپنے مقصد پر غور کریں۔ جی آئی او سے ہماری وابستگی کا مقصد بحیثیت مسلم اپنی ذمہ داری یعنی امر بالمعروف ونہی عن المنکر کو ادا کرنا ہے۔ یہ ذمہ داری انفرادی، اجتماعی، روحانی، پیشہ ورانہ، ذاتی اور معاشرتی سطح پر ہمہ جہت کاوشوں کا تقاضہ کرتی ہے۔ اللہ تعالیٰ قرآن میں ارشاد فرماتے ہیں:

**وَجَاهِدُوْا فِي اللهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ط هُوَ اجْتَبٰكُمْ وَ مَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ط**

''اللہ کی راہ میں جہاد کرو جیسا کہ جہاد کرنے کا حق ہے اس نے تمہیں اپنے کام کے لئے چن لیا ہے اور دین میں تم پر کوئی تنگی نہیں رکھی۔'' (سورہ الحج آیت ۷۸)۔ موجودہ دور میں جہاں ہمیں ہر قدم پر نفسانی خواہشات کے لئے ترغیبات کا سامنا ہے اور کوئی انسان چاہے وہ کتنا ہی نیک کیوں نہ ہو فتنوں سے مکمل طور پر محفوظ نہیں، ضروری ہے کہ ہم نفس امّارہ اور ناپسندیدہ خواہشات کے خلاف بڑے جہاد کو یاد رکھیں اور اس پر عامل ہوں۔ ہم اپنی زندگیوں کو اللہ کی رضا کے مطابق گزارنے کے لئے کوشاں رہیں۔

فیڈریشن کی اس میقات کے لئے فیڈرل کمیٹی نے غور وخوض کر کے نیز گزشتہ سرگرمیوں اور اہداف کا جائزہ لے کر اپنا پالیسی و پروگرام مرتب کیا ہے۔ تین بنیادی مقاصد - حلقوں کے درمیان باہمی ربط ضبط میں اعانت، تربیت پر توجہ اور اہم معاملات پر میڈیا میں نمائندگی کو مدنظر رکھتے ہوئے کمیٹی نے اہم اقدامات کو برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے، مگر نئے انداز میں۔ فیڈریشن کے مقاصد کے حصول کے لئے جبکہ قومی سطح پر کوششیں کی جا رہی ہیں، حلقوں کا تعاون ناگزیر ہے۔ ساتھ ہی ممبران کی تعداد میں اضافہ اشد ضروری ہے جو کہ زمینی سطح پر کوششوں کے ذریعے ہی ممکن ہے۔ حلقوں کے لئے لازم ہے کہ وہ اس ضرورت کو محسوس کریں اور اس سلسلے میں اپنی سرگرمیوں کو مزید تیز کریں۔ اسی طرح تربیت ایک اور اہم پہلو ہے جس پر یونٹ سے لے کر ہر سطح پر توجہ دی جانی چاہیے تاکہ ایک مضبوط بنیاد، ممبران اور مستقبل کے قائدین کے لئے تیار کی جا سکے۔ تربیت کے خاص پہلوؤں نیز ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے حلقوں کو منتخبہ ممبران کے لئے خصوصی پروگراموں کا اہتمام کرنا چاہیے۔

اس کے علاوہ یہ بات بھی اہمیت کی حامل ہے کہ ہم اپنی توجہ کیمپسیس میں طلبہ برادری پر مرکوز کریں اور انھیں مختلف سرگرمیوں کے ذریعے جوڑے رکھیں۔ فیڈریشن کا سینٹرل یونیورسٹیوں پر توجہ مرکوز رکھنے کا منصوبہ برقرار رہے گا، ساتھ ہی ضرورت اس بات کی ہے کہ حلقے بھی ان کوششوں کا حصہ بنیں اور اسی طرح کے اقدامات ریاستی و دیگر یونیورسٹی کیمپسیس میں کریں۔ اس پالیسی کا ایک اور اہم پہلو قیادت سازی اور فکری تربیت ہے۔ اسی کے ساتھ ساتھ خواتین، طلبہ اور بڑے طبقہ کے مسائل پر موثر انداز میں اظہارِ خیال کرنے لئے میڈیا میں شمولیت اور رابطہ عامہ پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ مسلم خواتین کے حوالے سے غلط فہمیوں کا ازالہ کرنا اور مرکزی بیانیہ (mainstream narrative) میں ان کی صحیح تصویر پیش کرنا بھی ہماری اولین ترجیحات میں شامل رہے گا۔

علاوہ ازیں کئی اہم منصوبے سماج کے ایک بڑے طبقہ کو اپنے ساتھ شامل رکھنے کے لئے بنائے گئے ہیں۔

ایک ملک گیر مہم منائی جائے گی جس میں حلقوں اور کیمپسیس کے تمام وابستگان کو شامل کا جائے گا تا کہ جی آئی او کی آواز کو قومی سطح پر مضبوطی سے پیش کیا جا سکے۔ حلقوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ اس پالیسی کا بغور مطالعہ کریں اور ہر ممکن طریقے سے اس میں اپنا حصہ لگائیں۔ ان اجتماعی کوششوں کے ذریعے ہم اپنے اصولوں پر قائم رہنے، انقلاب کی ترغیب دینے اور معاشرے پر ایک مثبت اثر ڈالنے کی جدوجہد کریں گے۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہمیں استقامت عطا کرے اور اس کی راہ میں جدوجہد کرنے کی توفیق دے! آمین۔

وَالَّذِیْنَ جَاھَدُوْا فِیْنَا لَنَھْدِیَنَّھُمْ سُبُلَنَا ط وَ اِنَّ اللہ لَمَعَ الْمُحْسِنِیْنَ .

''جو لوگ ہماری خاطر مجاہدہ کریں گے انہیں ہم اپنے راستے دکھائیں گے، اور یقیناً اللہ نیکو کاروں ہی کے ساتھ ہے۔''

(سورہ العنکبوت، آیت ۶۹)

ایڈووکیٹ سمیہ روشن

صدر، نیشنل فیڈریشن آف جی آئی او

## مشن

فیڈریشن کا مشن اللہ تعالیٰ کی ہدایات کے تحت سماج کی تشکیلِ نو کے لیے طالبات اور نوجوان خواتین کو تیار کرنا ہوگا۔

## مقاصد

اس فیڈریشن کے مقاصد درج ذیل ہوں گے، اور جدوجہد کا اصل محرک اللہ کی رضا اور آخرت کی کامیابی کا حصول ہوگا۔

۱) حلقوں کے درمیان باہمی ربط ضبط، تعامل اور خیالات کا تبادلہ۔

۲) قومی اور بین الاقوامی میڈیا اور دیگر پلیٹ فارمس پر جی آئی او کی نمائندگی اور اہم امور و مسائل پر اپنے موقف کی وضاحت۔

۳) فیڈرل کمیٹی ممبران کی تربیت اور ان میں قائدانہ صلاحیت کو فروغ دینا۔ نیز حسبِ ضرورت آل انڈیا سطح پر ورکشاپس اور تربیتی پروگرامس کا انعقاد۔

## طریقۂ کار

۱) فیڈریشن کی اصل رہنما اور اساسِ کار قرآن و سنت ہوگی۔

۲) فیڈریشن اپنے کاموں میں اخلاقی حدود کا پابند ہوگا۔

۳) فیڈریشن اپنے اغراض و مقاصد کے حصول کے لیے پرامن و تعمیری طریقے اور جائز ذرائع اختیار کرے گا اور ان امور سے اجتناب کرے گا جن سے فرقہ وارانہ منافرت، طبقاتی کشمکش یا امن و امان کی قدروں کو نقصان پہنچ سکتا ہو۔

★★★★★★

# پالیسی

**فیڈریشن جی آئی او حلقوں کے درمیان باھمی ربط ضبط، خیالات کے تبادلے اور وسائل کی شناخت میں مدد فراھم کرے گا اور طلبه برادری میں کام کے استحکام کے لئے اپنی سرگرمیوں کو وسعت دے گا۔**

جی آئی او اپنے مشن کی تکمیل کے لئے زون کی سطح پر متواتر کام کر رہی ہے۔ تاہم موجودہ سیاسی اور سماجی منظر نامہ ایسے چیلنجز پیش کر رہا ہے جن سے نمٹنے کے لئے فوری توجہ، آگاہی اور سرعت کی ضرورت ہے۔ حلقوں کے درمیان موثر ربط ضبط اس تحریک کو مہمیز دے گا جو کہ موجودہ منظر نامے میں ضروری ہے، اور اس طرح یہ حلقوں کی ترقی اور مضبوطی میں معاون ثابت ہوگا۔ خیالات کا تبادلہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ حلقہ اور فیڈریشن باہم ترقی کرتے ہوئے اپنے مقاصد حاصل کریں۔

فیڈریشن جی آئی او حلقوں کے درمیان باہمی ربط ضبط اور تعامل کو سہل بنائے گا تا کہ مشترکہ طور پر تنظیم کے مشن کو حاصل کرنے کے لئے کوشش کی جا سکے۔ تمام دستیاب وسائل، مختلف شعبوں، صلاحیتوں اور مہارتوں کے ذریعہ قویٰ کی شناخت پر توجہ دی جائے گی۔ نیز آئیڈیاز کی ایجاد اور حلقوں کے درمیان ان کے باہم تبادلے کی کوشش کی جائے گی۔ فیڈریشن جی آئی او حلقوں کا ان کے قیام سے لے کر اب تک کا جائزہ لے گا، ان کی کمزوریوں، قابلِ اصلاح پہلوؤں اور مواقع کی نشاندہی کر کے ایک منصوبہ ترتیب دے گا اور اسے مختلف حلقوں میں روبہ عمل لانے کی کوشش کرے گا۔ یہ مختلف حلقوں کے درمیان مشترکہ مفادات اور افکار کی شناخت اور ان کے باہم تبادلے کا کام کرکے ممبران کے درمیان باہمی تعلقات کی فضا کو پروان چڑھائے گا۔ فیڈریشن حلقوں کے استحکام اور ان کی ان سرگرمیوں کی توسیع کی کوشش کرے گا جو فیڈریشن کے پالیسی و پروگرام سے میل کھاتی ہوں، تا کہ فیڈریشن کے مقاصد کا حصول آسان ہو سکے۔ فیڈریشن ایک مشترکہ تنظیمی کلچر اور ڈھانچہ کے قیام میں حلقوں کی مدد کرے گا اور نان ممبرز ونز میں جی آئی او کے تعارف کی کوشش کرے گا۔ جی آئی او حلقوں کے کیمپسیس میں طلبہ برادری کے درمیان کام اور اس کی توسیع کے سلسلے میں حلقوں کی مدد کی جائے گی۔

**فیڈریشن اهم امور و مسائل پر جی آئی او کے لئے ایك موقف تیار کرے گا نیز قومی اور بین الاقوامی میڈیا پلیٹ فارمس پر جی آئی او کی نمائندگی کرے گا ۔ یہ اسلام کو ایك مکمل نظامِ حیات کے طور پر پیش کرکے معاشرتی ترقی کے لئے کوشاں رہے گا۔**

فیڈ ریشن برائیوں مثلاً ظلم ، استحصال ، بے راہ روی، بدعنوانی، ناانصافی، توہم پرستی ، فحاشی ، قتل ، جنین کشی ، جہیز کی مانگ ، لڑکیوں کے ساتھ امتیازی سلوک اور صارفیت کے خلاف آواز اٹھانے کی کوشش کرے گا۔ یہ کوشش باہمی حقوق ، رواداری اور تکریمِ انسانیت کی فضا پیدا کر کے سماجی ہم آہنگی کو مضبوط کرے گی۔ فیڈ ریشن کوشش کرے گا کہ اہم امور پر قومی ، بین الاقوامی میڈیا اور دیگر پلیٹ فارمس پر مناسب طریقے سے اپنے موقف کا اظہار کر سکے جس میں صنفی اختلافات ، نسوانیت ، خواتین کے کردار اور پوزیشن اور کیمپسیس میں اسٹوڈنٹ ایشوز جیسے معاملات کو ترجیح دی جائے گی ۔ یہ مسلم خواتین کی صحیح نمائندگی کرتے ہوئے مین اسٹریم میڈیا میں بنائے گئے دقیانوسی تصورات اور بیانیہ کو چیلنج کرنے کی کوشش کرے گا۔ مزید براں فیڈ ریشن مسلم خواتین کی متبادل تصویر پیش کرنے لئے ایسی خواتین کی کہانیوں کو مقبول کرنے کی کوشش کرے گا جنہوں نے معاشرے کی ترقی میں مثبت رول ادا کیا۔ سماج میں تبدیلی لانے کے لئے یہ کوشش کرے گا کہ مسلم خواتین کی نمائندگی میڈیا اور دیگر میدانوں میں ہو سکے ۔ عوامی تعلقات (پبلک ریلیشنز) استوار کرنے کیے لئے کوششیں کی جائیں گی ۔ اس بات کی کوشش کی جائے گی کہ اسلام اور مسلم خواتین سے متعلق ایشوز پر رائے عامہ کو متاثر کیا جا سکے ۔ فیڈ ریشن جی آئی او لیڈرس کی تربیت کرے گا کہ وہ اہم اور متعلقہ امور پر نہ صرف اپنا موقف قائم کر سکیں بلکہ قرآن وسنت کی روشنی میں ان کے ممکنہ حل نیز اسلام کو ایک مکمل نظامِ حیات کے طور پر پیش کر سکیں۔

**فیڈریشن اپنے ممبران کی تربیت اوران میں قائدانہ صلاحیتوں کے فروغ پر توجہ دے گا تاکہ وہ اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی میں اسلام کے حقیقی نمائندے بن جائیں ۔**

فیڈ ریشن اپنے ممبران کی روحانی ، ذہنی ، فکری اور عملی ترقی اس طرح کرنے کی کوشش کرے گا کہ وہ حق کے

راستے میں صبر واستقامت کی مثال بن جائیں ۔ یہ سبھی کام اللہ کی رضا کے حصول کی خواہش، آخرت کی جوابدہی کے احساس، قربانی اورتوبہ واستغفار کی مدد سے کیے جائیں گے۔

فیڈ ریشن وابستگان میں سے منتخبہ ممبران میں قائدانہ و دیگر صلاحیتوں کو پروان چڑھانے کے لئے ان کی جامع تربیت کا انتظام کرے گا تا کہ وہ معاشرے اورتحریکِ اسلامی کا بہترین اثاثہ بن سکیں ۔ یہ معاشرہ اورتحریک کے لئے مفید مختلف شعبوں میں کیڈر کی تعلیمی ترقی کوفروغ دے گا۔مختلف ورکشاپس اور پروگرامس کے ذریعہ انفرادی اور اجتماعی سطح پرتربیت کی کوشش کی جائے گی۔

شعوری پختگی کے لئے فیڈ ریشن کوشش کرے گا کہ لٹریچر اور دیگر چیزوں کے مطالعہ اورغوروفکر کا ماحول پروان چڑھے۔فیڈ ریشن ایسا ماحول پیدا کرنے کی کوشش کرے گا جس سے کیڈر سیاسی وسماجی پیش رفتوں اورموجودہ دنیا میں ہونے والے واقعات سے باخبر رہے۔

★★★★★★

# پروگرام اور اھداف

## تنظیم:

- فیڈریشن کے پالیسی و پروگرام کی تفہیم برائے زونل لیڈرس کے لئے ایک آنلائن تفہیمی اجلاس کا انعقاد کیا جائے گا۔
- حلقوں کی سرگرمیوں اور خیالات کے تبادلے کے لئے فیڈرل کمیٹی ممبران کی ایک میٹنگ ہر ٦ ماہ میں ایک بار لی جائے گی۔
- جی آئی او حلقوں کی ان کے اسٹرکچر کو مضبوط کرنے میں اعانت کی جائے گی۔
- جماعت کے وہ حلقے جہاں جی آئی او قائم نہیں ہے وہاں جی آئی او سیٹ اپ کے قیام میں مدد کی جائے گی۔
- وابستگان میں سے خصوصی شعبوں کے ماہرین کی شناخت کی جائیگی اور انھیں تنظیم کے مختلف کاموں جیسے میڈیا اور تحقیق (ریسرچ) کے لئے استعمال کیا جائے گا۔
- فیڈریشن کی سرگرمیوں کی چار ماہی رپورٹ جماعت اسلامی ہند کو دی جائے گی۔
- فیڈرل کمیٹی کے لئے سالانہ جائزہ اجلاس منعقد کئے جائیں گے اور سیکریٹریٹ کے اجلاس ہر چھ ماہ میں ایک بار ہوں گے۔
- این ایف جی آئی او نیوز لیٹر جاری کیا جائے گا۔

## کیڈر ڈیولپمنٹ :

- وابستگانِ تنظیم میں اعلیٰ تعلیم کے فروغ اور انھیں انٹرنس مثلاً (CUET) وغیرہ سے متعلق رہنمائی دینے کی کوشش کی جائے گی۔
- منتخبہ ممبران کے لئے skill development programs/workshops منعقد کئے جائیں گے۔
- نفسیات کے فارغ التحصیل(Psychology graduates) کے لئے اسلامی سائیکالوجی/ کاؤنسلنگ سے متعلق ٹریننگ کا اہتمام کیا جائے گا۔
- سینٹرل یونیورسٹیز میں جی آئی او کی سرگرمیوں کے استحکام کے لئے حلقوں کی اعانت کی جائے گی۔

☆ سینٹرل یونیورسٹیز میں قائم شدہ جی آئی او یونٹس کو مستحکم کیا جائے گا اور دیگر سینٹرل یونیورسٹیز میں نئے یونٹس قائم کیے جائیں گے۔

☆ سینٹرل یونیورسٹیز کے طلبہ کے لئے professional meetups کا اہتمام کیا جائے گا۔

## میڈیا :

- چنندہ مسائل پر بات کرنے کے لئے پریس ریلیز اور پریس کانفرنس کا انعقاد کیا جائے گا۔
- مخصوص ایشوز کے لئے مختلف سطحوں (زونل اور ضلعی) پر پریس میٹ اور پریس ریلیز کی ہدایت دی جائے گی۔
- نئے ڈیجیٹل پلیٹ فارمس/ٹولز کا استعمال کیا جائے گا اور موجودہ پلیٹ فارمس پر ہماری رسائی (reach) بڑھانے کی کوشش کی جائے گی۔
- فیڈریشن میڈیا ٹیم اور جی آئی او حلقوں کی میڈیا سیکریٹریز کے لئے میڈیا ماسٹری ورکشاپس منعقد کیے جائیں گے۔
- ممبران کے لئے ایک media literacy workshop کا انعقاد کیا جائے گا۔
- جی آئی او قائدین کے لئے ایک media training or media engagement workshop کا انعقاد کیا جائے گا۔
- صحافیوں اور میڈیا ہاؤسز کے ساتھ موثر روابط قائم کرنے اور ڈیٹا جمع کرنے کی کوشش کی جائے گی۔
- تعلیمی میدانوں میں اقلیتی طلباء کے ایشوز کو اجاگر کیا جائے گا۔
- ایک media first response team تشکیل دی جائے گی۔
- خصوصی مواقعوں پر ممبران کو ای میل نیوز لیٹر ارسال کیے جائیں گے۔
- ایک سوشل میڈیا مہم کا انعقاد کیا جائے گا۔

## رابطہ عامہ (پبلک ریلیشن) :

- نوجوان خواتین، نوجوانوں کی تنظیموں، صحافیوں، پروفیشنلس، اسٹوڈنٹ لیڈرس اور بیوروکریٹس کے ساتھ روابط قائم کیے جائیں گے نیز پی آر وزٹ کیے جائیں گے۔
- فیڈرل کمیٹی ممبران اور زونل قائدین کے لئے پی آر ٹریننگ سیشن منعقد کیا جائے گا۔